# از دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن گاگرہ، ضلع بونیر۔

( پہلی بار اشتہار نیلامی بذریعہ **E-Auction** )

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن گاگرہ ضلع بونیر برطابق صوبائی حکومت احکامات بذریعہ مراسلہ نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07 مئی 2026 اپنے امدن کے درجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال 27-2026 میعاد ایک سال از یکم جولائی 2026 ، تا 30 جون 2027 کیلئے جدید طریقہ کار E-Auction سسٹم کے تحت بذریعہ کھلی بولی نیلام کرنا چاہتی ہے۔ لہذا خواہشمند حضرات / ٹھیکداران مورخہ 08 جون 2026 تا 10 جون 2026 یعنی پیر صبح 9.00 بجے تا بروز بدھ سہ پہر 4.00 بجے تک /https://cfmis.lgkp.gov.pk کے ذریعے نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ بولی میں صرف وہ اشخاص / فرم حصہ لے سکتے ہیں جنھوں نے سال 27-2026 کیلئے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ پشاور کے ساتھ اپنے متعلقہ کلاس میں رجسٹریشن / تجدید کی ہو، وہ محکمہ لوکل گورنمنٹ ودیہی ترقی خیبر پختونخواہ لوکل کونسل بورڈ کی ویب سائٹ پر آن لائن بولی /https://cfmis.lgkp.gov.pk میں حصہ لے سکتے ہیں۔ ٹھیکہ کی قواعد وضوابط دوران دفتری اوقات کار میں ریگولیشن برانچ ٹی۔ایم۔اے گاگرہ بونیر میں ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | سرکاری بولی / ٹارگٹ بمعہ 10% اضافہ برائے سال 27-2026 | میعاد ٹھیکہ | زرضمانت 5 فیصد |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ہفتہ وار میلہ موشیاں سواڑی | 38284400 روپے | از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 | 1914220 روپے |
| ۲ | جنرل بس سٹینڈ سواڑی | 22290950 روپے | --ایضاً---- | 1114550 روپے |
| ۳ | پبلک لیٹرین سواڑی | 485760 روپے | --ایضاً---- | 24290 روپے |
| ۴ | سائن بورڈ | 401500 روپے | --ایضاً---- | 20075 روپے |
| ۵ | سلاٹر ہاوس (مذبح خانہ) | 1138104 روپے | --ایضاً---- | 56910 روپے |

☆ E-Auction میں حصہ لینے کیلئے چیدہ چیدہ شرائط درجہ ذیل ہیں ☆

(1) ٹھیکہ کی نیلامی برائے ایک سال یعنی مالی سال یعنی 27-2026 ، کیلئے ہوگی۔ جس کی میعاد از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027، تک ہوگی۔

(2) ٹھیکہ دار اپنے اصلی اور اہل کال ڈیپازٹ بولی کی آخری تاریخ سے دو دن قبل upload کریں گے۔

(3) اگر مناسب سے زیادہ بولی موصول ہو جو گزشتہ سال کی امدن / بولی سے کم از کم دس فیصد ( 10% ) زیادہ ہو، تو کامیاب بولی دہندہ تین دنوں کے اندر اندر TMA گاگرہ کے اکاونٹ میں 15% ایڈوانس اور 5% سیکورٹی جمع کروائے گا جبکہ سائن بورڈ کے ٹھیکہ کیلئے 50% ایڈوانس رقم اور 5% سیکیورٹی جمع کروائے گا۔ ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا۔ اور جمع شدہ زر بیعانہ بحق دفتر TMA گاگرہ ضبط کر کے ٹھیکدار / فرم کا لائسنس بلیک لسٹ اور مزید کاروائی کیلئے صوبائی حکومت کو بھیجا جائے گا۔

لوکل کونسل بورڈ / TMA گاگرہ کے بقایاداران یا ان کے بااختیار نمائندے E-Auction میں حصہ لینے کے مجاز نہیں ہوں گے۔

(4) نیلامی کی منظوری مجاز اتھارٹی کی صوابدید پر ہوگی، مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا۔ کہ وہ معقول وجوہات بتا کر ایک یا تمام نیلامی منظور / مسترد کرے۔

(5) ملاکنڈ ڈویژن سے تعلق نہ رکھنے والا بولی دہندہ حکومت کی وضع کردہ پالیسی کے تحت ماہوار قسط کے ساتھ انکم ٹیکس بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جبکہ دیگر ٹیکسز جو کہ وفاقی وصوبائی حکومت سے وقتاً فوقتاً لاگو ہوں گے بھی جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

(6) بولی دہندہ قانونی شرح کے مطابق فیس وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں حکومت / TMA گاگرہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

(7) بولی دہندہ کو کسی بھی ناگہانی صورت حال میں کسی قسم کی معافی نہیں دی جائیگی۔

(8) دیگر تفصیلی شرائط وضوابط اور شیڈول وغیرہ ٹھیکہ جات کی اوقات کار میں دفتر تحصیل آفیسر ( ریگولیشن ) TMA گاگرہ ملاحظہ سے کی جاسکتی ہے۔

(9) تمام کامیاب بولی دہندگان صوبائی حکومت کی طرف سے جاری کردہ احکامات / پالیسی گائیڈ لائنز برائے سال E-Auction 27-2026 کے پابند ہوں گے۔

(10) مقررہ وقت میں ایڈوانس رقم جمع نہ کروانے یا معاہدہ مکمل نہ کرنے کی صورت میں بولی خود بخود منسوخ تصور ہوگی اور زرضمانت متعلقہ لوکل کونسل کے حق میں ضبط کرن جائیگی ، اسکے بعد کی کنٹرکٹ دوسرے سب سے زیادہ بولی دہندہ کی پیش کردہ شرح (اگر 10 فیصد اضافہ حاصل ہو) پر دیا جاسکتا ہے۔

نوٹ: اشتہار ہذا لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ کی ویب سائٹ http://https://cfmis.lgkp.gov.pk/ پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

اگر مقررہ تاریخ یعنی مورخہ 8 جون تا 10 جون 2026 کو بولی نہ ہوسکی تو اگلی بولی مورخہ 15 جون تا 17 جون 2026ء اور اگر اس تاریخ پر بھی بولی نہ ہوسکی تو اگلی بولی مورخہ 22 جون تا 24 جون 2026ء بالترتیب منعقد ہوگی۔

المشتہر:

ٹیکس اسسٹنٹ

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن گاگرہ ضلع بونیر۔

بحکم:

تحصیل میونسپل آفیسر

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن گاگرہ ضلع بونیر۔